۔۔ڈنمارک میں قائم پاکستانیوں کی ایک رفاہی تنظیم ''انجمن بہبود مریضاں' دینہ' ضلع جہلم' جو دراصل پاکستان میں اسی نام سے قائم ایک تنظیم کی ذیلی شاخ ہے' اس نے پاکستان میں اپنے فلاحی منصوبے کے مطابق' حسب معمول اس سال بھی دینہ میں آنکھوں کے مریضوں کے علاج و اپریشن کے لیے ایک ''فری آئی کیمپ'' لگایا' جہاں روزنامہ جنگ کے مطابق' ساڑھے آٹھ سو نادار و مفلس' مریضوں کی آنکھوں کا فری معائینہ کیا گیا اور انہیں ضرورت کی ادویات کے علاوہ' نظر کی عینکیں وغیرہ بھی مہیا کی گئیں۔اس کے علاوہ امراض چشم کے ماہر سرجنوں نے مفت خدمات مہیا کرتے ہوئے انجمن کے فری آئی کیمپ میں کوئی اڑتالیس مریضوں کی آنکھوں کے اپریشن کیے۔

اس موقع پر جہلم کی کئی ایک اعلیٰ سرکاری شخصیتوں' حال ہی میں منتخب ہونے والے ناظموں اور علاقے کی کئی معزز سیاسی و سماجی اور کاروباری شخصیتوں نے بھی' انجمن بہبود مریضاں' دینہ ضلع جہلم کی ڈینش شاخ اور اس کے ڈنمارک میں روح رواں حاجی محمد اقبال اور اُن کی انجمن سے وابستہ معروف سماجی کارکن' اے ڈی بٹ اور ڈنمارک میں پاکستانی برادری کا شکریہ ادا کیا کہ وہ اپنے وطن میں نادار و بے سہارا دکھی انسانیت کی خدمت میں پیش پیش ہیں۔

انجمن بہبود مریضاں دینہ کی ڈینش شاخ اس سے پہلے' ایک ایمبولینس علاقے میں ضرورتمندوں کیلیے رضاکارانہ طور پر مہیا کر چکی ہوئی ہے جب کہ انجمن نے ایک مقامی سکول میں ایک لیبارٹری بھی قائم کرائی ہے اور علاقے کی نادار و بیوہ خواتین کے لیے اپنی مدد آپ کے تحت ایک سلائی سکول بھی کھولدیا ہوا ہے جہاں بے سہارا خواتین کو سلائی کڑھائی کا ہنر سکھانے اور بھیک مانگنے کی بجائے اپنے پیروں پر خود کھڑا ہونے کے قابل بنانے کے لیے ہر طرح کی مدد مہیا کی جاتی ہے۔